


سلسلہ اصلاحی خطبات ۶۰
گناہ گار سے نفرت مت کیجئے
حضرت مولانا محمد تقی عثمانی مدظلہم
سلسلہ اصلاحی خطبات ۶۳
حلال روزگار نہ چھوڑیں
حضرت مولانا محمد تقی عثمانی مدظلہم
میمن اسلامک پبلشرز
فضول سوالات سے پرہیز کریں
حضرت مولانا محمد تقی عثمانی مدظلہم العالی
میمن اسلامک پبلشرز
میمن اسلامک پبلشرز



گناہ گاروں سے نفرت مت کیجئے
حلال روزگار نہ چھوڑیں
فضول سوالات سے پرہیز کریں
میمن اسلامک پبلشرز

# فہرست مضامین

کسی کو گناہ پر عار دلانے کا وبال۔
گناہ گار ایک بیمار کی طرح ہے۔
کفر قابل نفرت ہے نہ کہ کافر۔
حضرت تھانویؒ کا دوسروں کو افضل سمجھنا۔
یہ مرض کن لوگوں میں پایا جاتا ہے؟
کسی کو بیمار دیکھے تو یہ دعا پڑھے۔
کسی کو گناہ میں مبتلا دیکھے تو یہی دعا پڑھے۔
حضرت جنید بغدادیؒ کا چور کے پاؤں کو چومنا۔
"ایک مؤمن دوسرے مؤمن کے لئے آئینہ ہے" کا مطلب۔
ایک کے عیب دوسروں کو مت بتاؤ۔

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله نحمده ونستعينه ونستغفره ونؤمن به ونتوكل عليه ونعوذ با لله من شرور انفسنا ومن سيئآت اعمالنا من يهده ا لله فلا مضل له ومن يضلله فلا هادى له واشهد ان لاإله إلا ا لله وحده لاشريك له، واشهد ان سيدنا ونبينا ومولانا محمداً عبده ورسوله، صلى ا لله تعالى عليه وعلى آله وأصحابه وبارك وسلّم تسليمًا كثيرًا كثيرًا_ اما بعد :-

قال رسول ا لله صلى ا لله عليه وسلّم : من عيّر أخاه بذنب قد تاب منه لم يمت حتى يعمله ـ

(ترمذى ـ كتاب صفة القيامة، باب مبر ٥٤)

## کسی کو گناہ پر عار دلانے کا وبال۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اپنے مسلمان بھائی کو ایسے گناہ پر عار دلائے اور اس گناہ کا طعنہ دے جس گناہ سے وہ توبہ کرچکا ہے تو یہ طعنہ دینے والا شخص اس وقت تک نہیں مریگا جب تک وہ خود اس گناہ کے اندر مبتلا نہیں ہو جائیگا۔ مثلاً ایک شخص کے بارے میں آپ کو پتہ چل گیا کہ یہ فلاں گناہ کے اندر مبتلا تھا یا مبتلا ہوا ہے' اور آپ کو یہ بھی پتہ ہے کہ اس نے توبہ بھی کرلی ہے تو جس گناہ سے وہ توبہ کرچکا ہے اس گناہ کی وجہ سے اسکو حقیر سمجھنا یا اسکو عار دلانا یا اسکو طعنہ دینا کہ تم تو فلاں شخص ہو اور فلاں حرکت کیا کرتے تھے' ایسا طعنہ دینا خود گناہ کی بات ہے' اسلئے کہ جب اس شخص نے توبہ کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے اپنا معاملہ صاف کرلیا اور توبہ کرنے سے گناہ صرف معاف نہیں ہوتا بلکہ نامۂ اعمال سے وہ عمل مٹا دیا جاتا ہے تو اب اللہ تعالیٰ نے تو اس کا گناہ نامۂ اعمال سے مٹا دیا لیکن تم اس کو اس گناہ کی وجہ سے حقیر اور ذلیل سمجھ رہے ہو یا اسکو طعنہ دے رہے ہو اور اسکو برا بھلا کہہ رہے ہو' یہ عمل اللہ تعالیٰ کو بہت سخت ناگوار ہے۔

## گناہ گار ایک بیمار کی طرح ہے۔

یہ تو اس شخص کے بارے میں ہے جس کے بارے میں آپ کو معلوم ہے کہ اس نے گناہ سے توبہ کرلی ہے' اور اگر پتہ نہیں ہے کہ اس نے توبہ کی ہے یا نہیں' لیکن ایک مؤمن کے بارے میں احتمال تو ہے کہ اس نے توبہ کرلی ہوگی یا آئندہ کرلیگا' اسلئے اگر کسی نے گناہ کرلیا اور آپ کو توبہ کرنے کا علم بھی نہیں ہے' تب بھی اس کو حقیر سمجھنے کا کوئی حق نہیں ہے' کیا پتہ کہ اس نے توبہ کرلی ہو۔ یاد رکھیے، نفرت گناہ سے ہونی چاہئے' گناہ گار سے نہیں' نفرت معصیت اور نافرمانی سے ہے' لیکن جس شخص نے معصیت اور نافرمانی کی ہے اس سے نفرت کرنا حضور اقدس ﷺ نے نہیں سکھایا۔ بلکہ وہ گناہ گار ترس کھانے اور رحم کے قابل ہے کہ وہ بیچارہ ایک بیماری کے اندر مبتلا ہے' جیسے کوئی شخص کسی جسمانی بیماری کے اندر مبتلا ہو تو اب اس شخص کی بیماری سے تو نفرت ہوگی' لیکن کیا اس بیمار سے نفرت کروگے کہ چونکہ یہ شخص بیمار ہے اسلئے نفرت کے قابل ہے؟ ظاہر ہے کہ بیمار کی ذات قابل نفرت نہیں ہے' بلکہ اسکی بیماری سے نفرت کرو۔ اسکو دور کرنے کی فکر کرو' اس کے لئے دعا کرو' لیکن بیمار نفرت کے لائق نہیں' وہ تو ترس کھانے کے لائق ہے کہ یہ بیچارہ اللہ کا بندہ کس مصیبت کے اندر مبتلا ہوگیا۔

## کفر قابل نفرت ہے ' نہ کہ کافر

حتی کہ اگر کوئی شخص کافر ہے تو اس کے کفر سے نفرت کرو ' اسکی ذات سے نفرت مت کرو ' بلکہ اسکے حق میں دعا کرو کہ اللہ تعالیٰ اس کو ہدایت عطا فرمائے ' آمین ۔ دیکھئے : حضور اقدس نبی کریم ﷺ کو کفار کتنی تکالیف پہنچایا کرتے تھے ' آپ پر تیر اندازی ہو رہی ہے ' پتھر برسائے جا رہے ہیں ' آپ کے جسم کے کئی حصے خون سے لہولہان ہو رہے ہیں ' اسکے باوجود اس وقت زبان پر جو کلمات آئے ' وہ یہ تھے کہ :

﴿ اللّٰهم اهد قومي فإنهم لايعلمون﴾

اے اللہ ' میری قوم کو ہدایت عطا فرما کہ ان کو حقیقت کا پتہ ہی نہیں ہے۔ یہ دیکھئے کہ ان کی معصیت ' کفر ' شرک ' ظلم اور زیادتی کے باوجود ان سے نفرت کا اظہار نہیں فرمایا۔ بلکہ شفقت کا اظہار فرماتے ہوئے یہ فرمایا کہ یا اللہ یہ ناواقف لوگ ہیں ' ان کو حقیقت حال کا پتہ نہیں ہے ' اس لئے میرے ساتھ یہ لوگ ایسا برتاؤ کر رہے ہیں ' اے اللہ ان کو ہدایت عطا فرما۔ لہٰذا جب کسی کو گناہ میں مبتلا دیکھو تو اس پر ترس کھاؤ اور اس کے لئے دعا کرو اور کوشش کرو کہ وہ اس گناہ سے بچ جائے ' اسکو تبلیغ و دعوت کرو ' لیکن اس کو حقیر نہ جانو ' کیا پتہ کہ اللہ تعالیٰ اسکو توبہ

کی توفیق دیدیں اور پھر وہ تم سے بھی آگے نکل جائے۔

## حضرت تھانوی ؒ کا دوسروں کو افضل سمجھنا۔

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس اللہ سرہ کا یہ ارشاد میں نے اپنے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمتہ اللہ علیہ سے بھی سنا اور حضرت ڈاکٹر عبدالحی صاحب قدس اللہ سرہ سے بھی سنا ہے' وہ یہ کہ میں ہر مسلمان کو اپنے سے حالاً اور ہر کافر کو اپنے آپ سے احتمالاً افضل سمجھتا ہوں "احتمالاً کا مطلب یہ ہے کہ اگرچہ وہ اس وقت کفر کے اندر مبتلا ہے' لیکن کیا پتہ کہ اللہ تعالیٰ اسکو توبہ کی توفیق عطا فرما دے اور وہ کفر کی مصیبت سے نکل جائے' اور پھر اللہ تعالیٰ اسکے درجات اتنے بلند کر دے کہ وہ مجھ سے بھی آگے بڑھ جائے۔ اور جو شخص مسلمان ہے' صاحب ایمان ہے' اللہ تعالیٰ نے اسکو ایمان کی دولت عطا فرمائی ہے 'کیا پتہ کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اسکے کیا معاملات ہیں' کیونکہ ہر انسان کے اللہ تعالیٰ کے ساتھ مختلف معاملات ہوتے ہیں' کسی کے بارے میں ہم کیا رائے ظاہر کریں کہ وہ ایسا ہے' اس لئے میں ہر مسلمان کو اپنے سے افضل سمجھتا ہوں۔ ظاہر ہے کہ اس میں جھوٹ اور غلط بیانی کا احتمال تو نہیں ہے کہ ویسے ہی مروتاً یہ کہہ دیا کہ "میں ہر

مسلمان کو اپنے سے افضل سمجھتا ہوں"۔ یقیناً ایسا سمجھتے ہونگے تبھی تو فرمایا۔ بہرحال' کسی کو بھی حقیر سمجھنا' چاہے وہ گناہ اور معصیت کی وجہ سے ہو' جائز نہیں۔

## یہ مرض کن لوگوں میں پایا جاتا ہے۔

یہ حقیر سمجھنے کی بات ان لوگوں میں خاص طور پر پیدا ہو جاتی ہے جو لوگ دین کی طرف پلٹتے ہیں' مثلاً شروع میں ان کے حالات دین کے اعتبار سے ٹھیک نہیں تھے' بعد میں دین کی طرف آئے اور نماز روزے کے پابند ہو گئے' اور وضع قطع اور لباس پوشاک شریعت کے مطابق بنا لیا' مسجد میں آنے لگے' نماز باجماعت کے پابند ہو گئے ـــ ایسے لوگوں کے دلوں میں شیطان یہ بات ڈالتا ہے کہ تم تو اب سیدھے راستے پر آگئے' اور یہ سب مخلوق جو گناہوں میں منہمک ہیں یہ سب تباہ حال ہیں' اور پھر اسکے نتیجے میں یہ لوگ انکو حقیر اور کمتر سمجھنے لگتے ہیں' اور حقارت سے ان کو دیکھتے ہیں' اور ان پر دلخراش انداز میں اعتراض کرنے لگتے ہیں۔ پھر اسکے نتیجے میں شیطان انکو عجب میں' بڑائی میں' تکبر میں اور خود پسندی میں مبتلا کر دیتا ہے' اور جب انسان کے اندر اپنی بڑائی اور خود پسندی آجائے تو یہ چیز انسان کے سارے اعمال کو ضائع کرنے والی ہے' اسلئے کہ جب انسان کی

نظر اس طرف جانے لگے کہ میں بڑا نیک ہوں اور دوسرے بُرے ہیں تو بس انسان عجب میں مبتلا ہو گیا اور عجب کے نتیجے میں اسکے سارے اعمال اکارت ہو گئے۔ اسلئے کہ وہ عمل مقبول ہے جو اخلاص کے ساتھ اللہ کے لئے کیا جائے اور جس عمل کے بعد انسان اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے کہ اس نے مجھے اسکی توفیق عطا فرمائی۔ اسلئے کسی کے ساتھ حقارت کا معاملہ نہیں کرنا چاہئے اور کسی کافر اور فاسق و فاجر کو بھی حقیر نہیں سمجھنا چاہئے۔

## کسی کو بیمار دیکھے تو یہ دعا پڑھے۔

حدیث شریف میں آتا ہے کہ جب انسان دوسرے کو کسی بیماری کے اندر مبتلا دیکھے تو یہ دعا پڑھے:

﴿ الحمد لله الذی عافانی مما ابتلاه به، وفضّلنی علی کثیر ممّن خلق تفضیلاً ﴾

(ترمذی کتاب الدعوات، باب مایقول اذا رآی مبتلی)

"اے اللہ! آپ کا شکر ہے کہ آپ نے مجھے اس بیماری سے عافیت عطا فرمائی جس بیماری میں یہ مبتلا ہے' اور بہت سے لوگوں پر آپ نے مجھے فضیلت عطا فرمائی"

یعنی بہت سے لوگ بیماریوں میں مبتلا ہیں' لیکن آپ نے مجھے صحت عطا فرمائی ہے۔ کسی بیمار کو دیکھ کر یہ دعا پڑھنا سنت ہے' آپ ﷺ نے اسکی تلقین فرمائی ہے۔ ہمارے حضرت

ڈاکٹر عبدالحی صاحب رحمتہ اللہ فرمایا کرتے تھے کہ جب بھی کسی ہسپتال کے پاس سے گزرتا ہوں تو الحمدللہ یہ دعا پڑھ لیتا ہوں' اور ساتھ میں یہ دعا بھی کرتا ہوں کہ یا اللہ! ان بیماروں کو صحت عطا فرما دیجئے۔

## کسی کو گناہ میں مبتلا دیکھے تو یہی دعا پڑھے۔

ہمارے ایک استاد فرمایا کرتے تھے کہ یہ دعا جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے بیمار کو دیکھ کر پڑھنے کی تلقین فرمائی ہے' میں تو جب کسی شخص کو کسی گناہ یا معصیت میں مبتلا دیکھتا ہوں تو اس وقت بھی یہی دعا پڑھ لیتا ہوں۔ مثلاً راستے میں گزرتے ہوئے بعض اوقات دیکھتا ہوں کہ لوگ سینما دیکھنے کے لئے یا اس کا ٹکٹ خریدنے کے لئے لائن میں کھڑے ہیں' ان کو دیکھ کر یہی دعا پڑھ لیتا ہوں' اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اس نے مجھے اس گناہ سے محفوظ رکھا۔ اس دعا کے پڑھنے کی وجہ یہ ہے کہ جس طرح بیمار ترس کھانے کے قابل ہے' اسی طرح جو شخص گناہ میں مبتلا ہے وہ بھی ترس کھانے کے قابل ہے کہ وہ اس مصیبت میں مبتلا ہے' اور اس کے لئے بھی دعا کرنی چاہئے کہ یا اللہ! اس کو اس مصیبت سے نکال دیں۔ کیا معلوم کہ آج جو لوگ گناہ کی لائن میں لگے ہوئے ہیں اور آپ ان کو حقیر اور ذلیل سمجھ رہے

ہیں، کیا معلوم کہ اللہ تعالیٰ ان کو توبہ کی توفیق دیدیں اور پھر وہ تم سے آگے نکل جائیں۔ اس لئے کس بات پر تم اتراتے ہو؟ لہذا جب اللہ تعالیٰ نے تم کو گناہوں سے بچنے کی توفیق دیدی ہے تو اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرو، اگر ان کو گناہوں سے بچنے کی توفیق نہیں ہوئی تو تم ان کے حق میں دعا کرو، کہ یا اللہ! ان کو ہدایت عطا فرمادے اور ان کو اس بیماری سے نجات عطا فرمادے، آمین۔ بہرحال، کفر سے نفرت ہو، گناہ سے، معصیت اور نافرمانی سے نفرت ہو، لیکن آدمی سے نفرت مت کرو، بلکہ اسکے ساتھ محبت اور شفقت کا معاملہ کرو، اور جب اس سے کوئی بات کہنی ہو تو نرمی اور شفقت سے کہو، ہمدردی اور محبت سے کہو، تاکہ اس پر اثر انداز بھی ہو۔ ہمارے سارے بزرگوں کا یہی معمول رہا ہے۔

## حضرت جنید بغدادیؒ کا چور کے پاؤں کو چومنا۔

میں نے اپنے والد ماجد حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمتہ اللہ علیہ سے حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ کا یہ واقعہ سنا کہ حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ کہیں سے گزر رہے تھے، ایک جگہ پر دیکھا کہ ایک آدمی کو سولی پر لٹکایا ہوا ہے اور اس کا ایک ہاتھ کٹا ہوا ہے، اور ایک پاؤں کٹا ہوا ہے، آپ نے لوگوں سے پوچھا کہ کیا قصہ ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ یہ شخص عادی قسم کا چور

ہے' جب پہلی مرتبہ پکڑا گیا تو اس کا ہاتھ کاٹ دیا گیا' اور جب دوسری مرتبہ پکڑا گیا تو پاؤں کاٹ دیا گیا اور اب جب تیسری مرتبہ پھر پکڑا گیا تو اب اس کو سولی پر لٹکا دیا گیا۔ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ آگے بڑھے اور اس کے پاؤں چوم لئے۔ لوگوں نے کہا کہ حضرت! یہ اتنا بڑا چور ہے اور عادی چور ہے' آپ اس کا پاؤں چوم رہے ہیں؟ آپ نے جواب میں فرمایا کہ اگرچہ اس نے بہت بڑا جرم اور گناہ کا کام کیا' جسکی وجہ سے اس کو سزا دی گئی۔ لیکن اس شخص کے اندر ایک بہترین وصف ہے' وہ ہے "استقامت" اگرچہ اس وصف کو اس نے غلط جگہ پر استعمال کیا' اس لئے کہ جس کام کو اس نے اپنا مشغلہ بنایا اس پر ڈٹا رہا۔ اس کا ہاتھ کاٹ دیا گیا پھر بھی اس کام کو نہیں چھوڑا۔ پاؤں کاٹ دیا گیا پھر بھی اس کام کو نہیں چھوڑا' حتی کہ موت کی سزا ہو گئی لیکن اپنے کام پر لگا رہا' اس سے پتہ چلا کہ اس کے اندر استقامت کا وصف تھا اور اسی وصف کی وجہ سے میں نے اسکے پاؤں چوم لئے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی عبادت اور طاعات کے اندر یہ وصف عطا فرما دے۔ آمین۔ بہرحال: جو اللہ کے نیک بندے ہوتے ہیں وہ آدمی سے نفرت نہیں کرتے' اسکی برائیوں سے نفرت کرتے ہیں' اور وہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی برے آدمی کے اندر اچھائیاں ہیں تو وہ حاصل کرنے کے لائق ہیں' اور اس

کے اندر جو برائیاں ہیں اس کو دور کرنے کی فکر کرو۔ اور اس کو محبت اور پیار سے سمجھاؤ' اور اسی سے جا کر بتاؤ دوسروں سے اسکی برائیاں بیان کرتے مت پھرو۔

## "ایک مؤمن دوسرے مؤمن کیلئے آئینہ ہے" کا مطلب۔

حدیث شریف میں آتا ہے کہ:

﴿ المؤمن مرآة المؤمن ﴾

(ابو داود' کتاب الادب' باب فی النصیحة)

ایک مؤمن دوسرے مؤمن کا آئینہ ہے' اگر آدمی کے چہرے پر کوئی داغ دھبہ لگ جائے اور وہ آدمی جا کر آئینہ کے سامنے کھڑا ہو جائے تو وہ آئینہ بتا دیتا ہے کہ تمہارے چہرے پر یہ داغ لگا ہوا ہے' گویا آئینہ انسان کے عیب بیان کر دیتا ہے' اسی طرح ایک مؤمن بھی دوسرے مؤمن کا آئینہ ہے' یعنی جب ایک مؤمن دوسرے مؤمن کے اندر کوئی عیب دیکھے تو اسکو پیار سے، محبت سے بتا دے کہ یہ عیب تمہارے اندر موجود ہے' اسکو دور کر لو۔ جیسے اگر کسی انسان کے جسم پر کوئی کیڑا یا چیونٹا چل رہا ہو' اور آپ اس کیڑے کو اسکے جسم پر یا کپڑوں پر چلتا ہوا دیکھ رہے ہیں تو محبت کا تقاضہ یہ ہے کہ تم اسکو بتا دو کہ دیکھو بھائی! تمہارے

جسم پر یہ کیڑا چل رہا ہے' اسکو دور کر لو۔ اسی طرح اگر کسی مسلمان بھائی کے اندر کوئی دینی خرابی ہے تو پیار و محبت سے اسکو بتا دینا چاہئے کہ تمہارے اندر یہ خرابی ہے' اس لئے کہ ایک مؤمن دوسرے مؤمن کا آئینہ ہے۔

## ایک کے عیب دوسروں کو مت بتاؤ۔

حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ جب تم کسی دوسرے کے اندر کوئی عیب دیکھو تو صرف اسی کو بتاؤ کہ تمہارے اندر یہ عیب ہے' دوسروں سے کہتے مت پھرو کہ فلاں کے اندر یہ عیب ہے۔ اس لئے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے مؤمن کو آئینہ سے تشبیہ دی ہے' اور آئینہ صرف اس شخص کو چہرے کے داغ دھبے بتاتا ہے جو شخص اس کے سامنے کھڑا ہوتا ہے' وہ آئینہ دوسروں کو نہیں بتاتا کہ فلاں شخص کے چہرے پر داغ دھبے لگے ہوئے ہیں۔ لہذا ایک مؤمن کا کام یہ ہے کہ جس کے اندر کوئی برائی یا عیب دیکھے تو صرف اسی سے کہے' دوسروں سے اس کا تذکرہ نہ کرے کہ فلاں کے اندر یہ عیب اور یہ برائی ہے' کیونکہ اگر دوسروں کو اسکے عیوب کے بارے میں بتاؤ گے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کام میں تمہاری نفسانیت شامل ہے'

پھر وہ دین کا کام نہیں ہو گا۔ اور اگر صرف اسی سے تنہائی میں محبت اور شفقت سے اسکو اسکے عیب پر تنبیہ کرو گے تو یہ اخوت اور ایمان کا تقاضہ ہے' لیکن اسکو حقیر اور ذلیل سمجھنا کسی حال میں بھی جائز نہیں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

﴿وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین﴾

# حلال روزگار نہ چھوڑیں

جسٹس مولانا محمد تقی عثمانی مدظلہم العالی

ضبط و ترتیب
محمد عبداللہ میمن

میمن اسلامک پبلشرز
۱۸۸/۱۔ لیاقت آباد، کراچی ۱۹

# فہرست مضامین


رزق کا ذریعہ منجانب اللہ ہے۔ ۲۲
روزگار اور معیشت کا نظام خداوندی۔ ۲۳
تقسیم رزق کا حیرت ناک واقعہ۔ ۲۵
رات کو سونے اور دن میں کام کرنے کا فطری نظام ۲۷
رزق کا دروازہ بند مت کرو۔ ۲۸
یہ عطاء خداوندی ہے۔ ۲۹
ہر معاملہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ ۳۰
حضرت عثمان غنیؓ نے خلافت کیوں نہیں چھوڑی؟ ۳۱
خدمت خلق کا منصب عطاء خداوندی ہے۔ ۳۲
حضرت ایوب علیہ السلام کا واقعہ۔ ۳۴
عیدی زیادہ طلب کرنے کا واقعہ۔ ۳۵
خلاصہ ۳۷

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# حلال روزگار نہ چھوڑیں

الحمد لله نحمده ونستعينه ونستغفره ونؤمن به ونتوكل عليه ونعوذ بالله من شرور انفسنا ومن سيئآت اعمالنا من يهده الله فلا مضل له ومن يضلله فلا هادى له ونشهد ان لاإله إلا الله وحده لاشريك له واشهد ان سيدنا ونبينا ومولانا محمداً عبده وسوله. صلى الله تعالى عليه وعلى آله وأصحابه وبارك وسلّم تسليمًا كثيرًا - امّا بعد :-

قال رسول الله صلى الله عليه وسلّم : من رزق فى شيئى فَلْيلزمه، من جُعِلَت معيشة فى شئ فلا ينتقل عنه حتى يتغير عليه-

(کنز العمال حدیث نمبر ۹۲۸۶ ـــ اتحاف السادۃ المتقین ٤ : ۲۸۷)

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ : جس شخص کو جس کام کے ذریعہ رزق مل رہا ہو' اسکو چاہئے کہ وہ اس کام میں لگا رہے' اپنے اختیار اور مرضی سے بلاوجہ اسکو نہ چھوڑے اور جس شخص کا روزگار اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی چیز کے ساتھ وابستہ کر دیا گیا ہو تو وہ شخص اس روزگار کو چھوڑ کر دوسری طرف منتقل نہ ہو۔ جب تک کہ وہ روزگار خود سے بدل جائے یا اس روزگار میں خود سے ناموافقت پیدا ہو جائے۔

## رزق کا ذریعہ منجانب اللہ ہے۔

جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے کسی شخص کے لئے حصول رزق کا ایک ذریعہ مقرر فرما دیا' وہ شخص اس میں لگا ہوا ہے اور اس کے ذریعہ اسکو رزق مل رہا ہے تو اب بلاوجہ اس روزگار کو چھوڑ کر الگ نہ ہو' بلکہ اس میں لگا رہے' تاوقتیکہ وہ خود اسکے ہاتھ سے نکل جائے یا ایسی ناموافقت پیدا ہو جائے کہ اب آئندہ اس کو جاری رکھنا پریشانی کا سبب ہو گا۔ اس لئے کہ جب اللہ تعالیٰ نے کسی ذریعہ سے رزق وابستہ کر دیا ہے تو یہ اللہ جل شانہ کی عطا ہے' اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندے کو اس کام میں لگایا گیا ہے اور اس سے وابستہ کیا گیا ہے' کیونکہ ویسے تو رزق

کے حصول کے ہزاروں راستے اور طریقے ہیں۔ لیکن جب اللہ تعالیٰ نے کسی شخص کے لئے کسی خاص طریقے کو رزق حاصل کرنے کا سبب بنا دیا تو یہ منجانب اللہ ہے' اب اس منجانب اللہ طریقے کو اپنی طرف سے بلاوجہ نہ چھوڑے۔

## روزگار اور معیشت کا نظام خداوندی

دیکھئے: اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں روزگار اور معیشت کا ایک عجیب نظام بنایا ہے جس کو ہماری عقل نہیں پہنچ سکتی۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَعِيْشَتَهُمْ فِى الْحَيَاةِ الدُّنْيَا﴾ (الزخرف: ۳۲)

یعنی ہم نے دنیاوی زندگی میں ان کی معیشت تقسیم کی ہے۔ وہ اس طرح کہ کسی انسان کے دل میں حاجت پیدا کی اور دوسرے انسان کے دل میں اس حاجت کو پورا کرنے کا طریقہ ڈال دیا۔ ذرا غور کریں کہ انسان کی حاجتیں اور ضرورتیں کتنی ہیں؟ روٹی کی اسے ضرورت ہے' کپڑے کی اسے ضرورت ہے۔ مکان کی اسے ضرورت ہے' گھر کا ساز و سامان اور برتنوں کی اسے ضرورت ہے' گویا کہ انسان کو زندگی گزارنے کے لئے بے شمار اشیاء کی ضرورت پڑتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا پوری دنیا کے

انسانوں نے مل کر کوئی کانفرنس کی تھی اور اس کانفرنس میں انسان کو پیش آنے والی ضروریات کو شمار کیا تھا۔ اور پھر آپس میں یہ فیصلہ کیا تھا کہ اتنے لوگ کپڑا بنائیں' اتنے انسان برتن بنائیں۔ اتنے انسان جوتے بنائیں' اتنے انسان گندم پیدا کریں اور اتنے انسان چاول پیدا کریں وغیرہ۔ اگر تمام انسان ملکر کانفرنس کر کے یہ طے کرنا چاہتے تب بھی یہ انسان کے بس میں نہیں تھا کہ وہ انسانوں کی تمام ضروریات کا احاطہ کرلیں' اور پھر آپس میں تقسیم کار بھی کریں کہ تم یہ کام کرنا' تم فلاں چیز کی دکان کرنا اور تم فلاں چیز کی دوکان کرنا۔ یہ تو اللہ تعالیٰ کا قائم کیا ہوا نظام ہے کہ اس نے ایک انسان کے دل میں یہ ڈال دیا کہ تم گندم اگاؤ۔ دوسرے انسان کے دل میں یہ ڈال دیا کہ تم آٹے کی چکی لگاؤ۔ ایک کے دل میں یہ ڈال دیا کہ چاول پیدا کرو۔ ایک انسان کے دل میں یہ ڈال دیا کہ تم گھی کی دکان لگاؤ۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے ہر شخص کے دل میں ان حاجات کو ڈال دیا جو تمام انسانوں کی حاجتیں ہیں' چنانچہ جب آپ کسی ضرورت کو پورا کرنا چاہیں اور اس ضرورت کو پورا کرنے کے لئے آپ کے پاس پیسے بھی ہوں تو بازار میں آپ کی وہ حاجت انشاء اللہ ضرور پوری ہو جائیگی۔

## تقسیم رزق کا حیرت ناک واقعہ

میرے بڑے بھائی جناب زکی کیفی صاحب' اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔ آمین۔ حضرت تھانوی رحمتہ اللہ علیہ کے صحبت یافتہ تھے۔ ایک دن انہوں نے فرمایا کہ تجارت میں بعض اوقات اللہ تعالیٰ ایسے ایسے منظر دکھاتا ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کی ربوبیت اور رزاقیت کے آگے سجدہ ریز ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ لاہور میں ان کی دینی کتابوں کی دکان "ادارہ اسلامیات" کے نام سے ہے۔ وہاں بیٹھا کرتے تھے۔ فرمایا کہ ایک دن جب میں نے صبح کو گھر سے دکان جانے کا ارادہ کیا تو دیکھا کہ شدید بارش شروع ہو گئی۔ اس وقت میرے دل میں خیال آیا کہ ایسی شدید بارش ہو رہی ہے' اس وقت سارا نظام زندگی تلپٹ ہے' ایسے میں دکان جا کر کیا کرونگا؟ کتاب خریدنے کے لئے کون دکان پر آیگا۔ اس لئے کہ ایسے وقت میں اول تو لوگ گھر سے باہر نہیں نکلتے۔ اگر نکلتے بھی ہیں تو شدید ضرورت کے لئے نکلتے ہیں' کتاب اور خاص طور پر دینی کتاب تو ایسی چیز ہے کہ جس سے نہ تو بھوک مٹ سکتی ہے' نہ کوئی دوسری ضرورت پوری ہو سکتی ہے' اور جب انسان کی دنیاوی تمام ضروریات پوری ہو جائیں تو اس کے بعد کتاب کا خیال آتا ہے' لہٰذا ایسے میں کون گاہک کتاب خریدنے آیگا؟ اور میں دکان پر جا کر کیا کرونگا؟ لیکن ساتھ ہی دل

میں یہ خیال آیا کہ میں نے تو اپنے روزگار کے لئے ایک طریقہ اختیار کیا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس طریقے کو میرے لئے رزق کے حصول کا ایک ذریعہ بنایا ہے' اسلئے میرا کام یہ ہے کہ میں جا کر دکان کھول کر بیٹھ جاؤں' چاہے کوئی گاہک آئے یا نہ آئے۔ بس میں نے چھتری اٹھائی اور دوکان کی طرف روانہ ہوگیا' جاکر دوکان کھولی اور قرآن شریف کی تلاوت شروع کر دی' اس خیال سے کہ گاہک تو کوئی آئیگا نہیں۔ تھوڑی دیر کے بعد دیکھا کہ لوگ اپنے اوپر برساتی ڈال کر آرہے ہیں اور کتابیں خرید رہے ہیں اور ایسی کتابیں خرید رہے ہیں کہ جن کی بظاہر وقتی ضرورت بھی نظر نہیں آرہی تھی۔ چنانچہ جتنی بکری اور دونوں میں ہوتی تھی تقریباً اتنی ہی بکری اس بارش میں بھی ہوئی۔ میں سوچنے لگا کہ یا اللہ؛ اگر کوئی انسان عقل سے سوچے تو یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ اس آندھی اور طوفان والی تیز بارش میں کون دینی کتاب خریدنے آئیگا؟ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں یہ بات ڈالی کہ وہ جاکر کتاب خریدیں۔ اور میرے دل میں یہ ڈالا کہ تم جا کر دکان کھولو۔ مجھے پیسوں کی ضرورت تھی اور ان کو کتاب کی ضرورت تھی۔ اور دونوں کو دکان پر جمع کر دیا۔ ان کو کتاب مل گئی مجھے پیسے مل گئے۔ یہ نظام صرف اللہ تعالیٰ بنا سکتے ہیں' کوئی شخص یہ چاہے کہ میں منصوبے کے ذریعہ اور کانفرنس کر

کے یہ نظام بنالوں؟ باہمی منصوبہ بندی کر کے بنالوں تو کبھی ساری عمر نہیں بنا سکتا۔

## رات کو سونے اور دن میں کام کرنے کا فطری نظام

میرے والد ماجد حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمتہ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ ذرا اس بات میں غور کرو کہ سارے انسان رات کے وقت سوتے ہیں اور دن کے وقت کام کرتے ہیں۔ اور رات کے وقت نیند آتی ہے اور دن کے وقت نیند نہیں آتی۔ تو کیا ساری دنیا کے انسانوں نے ملکر کوئی انٹرنیشنل کانفرنس کی تھی جس میں سب انسانوں نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ دن کے وقت کام کریں گے اور رات کے وقت سویا کریں گے؟ ظاہر ہے کہ ایسا نہیں ہوا۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کے دل میں یہ بات ڈال دی کہ رات کے وقت سو جاؤ اور دن کے وقت کام کرو۔

﴿وَجَعَلْنَا اللَّيْلَ لِبَاسًا وَجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا﴾

اگر یہ چیز انسان کے اختیار میں دے دی جاتی کہ وہ جب چاہے کام کرے اور جس وقت چاہے سو جائے تو اس کا نتیجہ یہ ہوتا کہ کوئی شخص کہتا کہ میں دن کو سوؤں گا اور رات کو کام کرونگا، کوئی کہتا کہ میں شام کو سوؤں گا اور صبح کے وقت کام

کرونگا' کوئی کہتا کہ میں صبح کے وقت سوؤنگا اور شام کے وقت کام کرونگا۔ پھر اس اختلاف کا نتیجہ یہ ہوتا کہ ایک وقت میں ایک شخص سونا چاہ رہا ہے اور دوسرا شخص اسی وقت کھٹ کھٹ کر رہا ہے اور اپنا کام کر رہا ہے' اور اسکی وجہ سے دوسرے کی نیند خراب ہوتی۔ اس طرح دنیا کا نظام خراب ہو جاتا۔ یہ تو اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ اس نے ہر انسان کے دل میں یہ بات ڈال دی کہ دن کے وقت کام کرو اور رات کے وقت آرام کرو۔ اور اس کو فطرت کا ایک تقاضہ بنا دیا۔

## رزق کا دروازہ بند مت کرو۔

بالکل اسی طرح اللہ تعالیٰ نے انسان کی معیشت کا نظام بھی خود بنایا ہے اور ہر ایک کے دل میں یہ ڈال دیا کہ تم یہ کام کرو اور تم یہ کام کرو' لہٰذا جب تم کو کسی کام پر لگا دیا گیا اور تمہارا رزق ایک ذریعہ سے وابستہ کر دیا گیا تو یہ کام خود سے نہیں ہو گیا بلکہ کسی کرنے والے نے کیا' اور کسی مصلحت سے کیا' لہٰذا اب بلاوجہ اس حلال ذریعہ رزق کو چھوڑ کر کوئی اور ذریعہ اختیار کرنے کی فکر مت کرو' کیا معلوم کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے اسی ذریعہ میں کوئی مصلحت رکھی ہو۔ اور تمہارے اس کام میں لگنے کی وجہ سے نہ جانے کتنے لوگوں کے کام نکل رہے ہوں' اور

تم اس وقت پورے نظام معیشت کا ایک حصہ اور پرزہ بنے ہوئے ہو' اس لئے اپنی طرف سے اس ذریعہ کو مت چھوڑو' البتہ اگر کسی وجہ سے وہ ملازمت یا وہ تجارت خود ہی چھوٹ جائے یا ایک اندر ناموافقت پیدا ہو جائے' مثلاً دکان پر ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھا ہے اور کوشش کے باوجود آمدنی بالکل نہیں ہو رہی ہے' تو اس صورت میں بیشک اس ذریعہ کو چھوڑ کر دوسرا ذریعہ اختیار کرلے۔ لیکن جب تک کوئی ایسی صورت پیدا نہ ہو' اس وقت تک خود سے رزق کا دروازہ بند نہ کرے۔

## یہ عطاء خداوندی ہے۔

ہمارے حضرت ڈاکٹر عبدالحی صاحب رحمتہ اللہ علیہ یہ شعر پڑھا کرتے تھے کہ:

چیز یکہ بے طلب رسد آں دادہ خدا است
اورا تو رد مکن کہ فرستادہ خدا است

یعنی جب اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی چیز طلب کے بغیر مل جائے تو اس کو منجانب اللہ سمجھ کر اس کو رد نہ کرو' کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھیجی ہوئی ہے۔ بہرحال' اللہ تعالیٰ نے جس ذریعہ سے تمہارا رزق وابستہ کیا ہے اس سے لگے رہو' جب تک کہ خود ہی حالات نہ بدل جائیں۔

## ہر معاملہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے

اس حدیث کے تحت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس اللہ سرہ فرماتے ہیں کہ:

"اہل طریق نے اسی پر تمام معاملات کو جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندے کے ساتھ واقع ہوتے ہیں، قیاس کیا ہے، جن کی معرفت، بصیرت اور فراست خصوصاً واقعات سے ہو جاتی ہے، اس معرفت کے بعد وہ ان میں تغیر اور تبدل از خود نہیں کرتے، اور یہ امر قوم کے نزدیک مثل بدیہیات کے بلکہ مثل محسوسات کے ہے، جسکی وہ اپنے احوال میں رعایت رکھتے ہیں۔

مطلب یہ ہے کہ اس حدیث میں جو بات فرمائی گئی ہے وہ اگرچہ براہ راست رزق سے متعلق ہے، لیکن صوفیاء کرام اس حدیث سے یہ مسئلہ بھی نکالتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کسی بندے کے ساتھ جو بھی معاملہ کر رکھا ہے، مثلاً علم میں، خلق خدا کے ساتھ تعلقات میں، یا کسی اور چیز میں اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھ کوئی معاملہ کر رکھا ہے، تو وہ شخص اس کو اپنی طرف سے بدلنے کی کوشش نہ کرے بلکہ اس پر قائم رہے۔

## حضرت عثمان غنیؓ نے خلافت کیوں نہیں چھوڑی؟

حضرت عثمان غنیؓ کی شہادت کا جو مشہور واقعہ ہے کہ ان کی خلافت کے آخری دور میں ان کے خلاف ایک طوفان کھڑا ہو گیا۔ اور اسکی وجہ بھی خود حضرت عثمان غنیؓ نے بیان فرمائی کہ حضور اقدس ﷺ نے مجھ سے فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں ایک قمیص پہنائیں گے' اور تم اپنے اختیار سے اس قمیص کو مت اتارنا' لہٰذا یہ خلافت جو اللہ تعالیٰ نے مجھے عطا فرمائی ہے' یہ اللہ تعالیٰ نے مجھے خلافت کی قمیص پہنائی ہے' میں اپنے اختیار سے اس کو نہیں اتارونگا۔ چنانچہ آپ نے نہ تو خلافت چھوڑی اور نہ ہی باغیوں کے خلاف تلوار اٹھائی' اور نہ ان کو قلع قمع کرنے کا حکم دیا۔ حالانکہ آپ امیرالمؤمنین اور خلیفہ وقت تھے' آپ کے پاس لشکر اور فوج تھی' آپ چاہتے تو باغیوں کے خلاف مقابلہ کر سکتے تھے' لیکن آپ نے فرمایا کہ چونکہ یہ باغی اور مجھ پر حملہ کرنے والے بھی مسلمان ہیں' اور میں نہیں چاہتا کہ مسلمانوں کے خلاف تلوار اٹھانے والا پہلا شخص میں ہو جاؤں۔ چنانچہ آپ نے نہ تو خلافت چھوڑی اور نہ ہی باغیوں کا مقابلہ کیا' بلکہ اپنے گھر کے اندر ہی محصور ہو کر بیٹھ گئے' حتی کہ اپنی جان قربان کر دی اور جام شہادت نوش فرمایا۔ شہادت قبول کر لی لیکن خلافت نہیں چھوڑی۔ یہ وہی بات ہے جس کی طرف حضرت

تھانویؒ نے اشارہ فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے تمہارے ذمے ایک کام سپرد کر دیا تو اس میں لگے رہو، اپنی طرف سے اس کو مت چھوڑو۔

## خدمت خلق کا منصب عطاء خداوندی ہے۔

بہرحال، اللہ تعالیٰ نے جب خدمت دین کا کوئی راستہ تمہارے لئے تجویز فرما دیا اور وہ تمہاری طلب کے بغیر ملا ہے تو اب بلاوجہ اس کو ترک نہ کرے، اس کے لئے اسی میں نور اور برکت ہے۔ اسی طرح اہل طریق کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے جتنے احوال اور معاملات ہوتے ہیں ان کو چاہئے کہ وہ ان احوال کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے سمجھ کر قبول کر لیں، اسی طرح بعض اوقات کسی شخص کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا خاص معاملہ ہوتا ہے، مثلاً ایک شخص کی طرف لوگ اپنی مدد اور اسکے تعاون کے لئے رجوع کرتے ہیں، یا دین کے معاملات میں اسکی طرف رجوع کرتے ہیں، یا دنیاوی معاملات میں اس سے مشورہ لینے کے لئے رجوع کرتے ہیں، تو حقیقت میں یہ ایک ایسا منصب ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس کو عطا فرمایا ہے، اسلئے کہ اللہ تعالیٰ نے ہی لوگوں کے دلوں میں یہ بات ڈالی کہ آپس کے معاملات میں اس شخص سے مشورہ کرو، یا ضرورت کے موقع پر اس شخص سے مدد لو، اور

جھگڑے ہوں تو اس شخص سے جا کر فیصلہ کراؤ۔ لوگوں کے دلوں میں یہ بات از خود پیدا نہیں ہوئی' بلکہ اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے دلوں میں یہ باتیں ڈال دیں۔ تو یہ منصب اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کو ملا ہے' اب اپنی طرف سے اس کو ختم نہ کرے' اسلئے کہ یہ منجانب اللہ ہے اور اس خدمت خلق کو منجانب اللہ سمجھ کر کرتا رہے۔

مثلاً بعض اوقات اللہ تعالیٰ خاندان میں سے کسی شخص کو یہ مقام اور منصب عطا فرما دیتے ہیں کہ جہاں خاندان میں کوئی جھگڑا ہوا یا کوئی اہم معاملہ کرنا ہے تو لوگ فوراً اس شخص کے پاس جاتے ہیں اور اس سے مشورہ کرتے ہیں۔اب بعض اوقات وہ شخص اس بات سے گھبراتا ہے کہ دنیا کی ساری باتیں اور سارے جھگڑے میرے سر ڈالے جاتے ہیں۔حقیقت میں یہ گھبرانے کی چیز نہیں ہے' اس لئے کہ لوگوں کا آپ کی طرف رجوع کرنا یہ اس بات کی دلیل ہے کہ یہ منجانب اللہ لوگوں کے دلوں میں ڈالا گیا ہے کہ اسکی طرف رجوع کرو' اور یہ منصب منجانب اللہ عطا ہوا ہے۔

بجا کہے جسے عالم اسے بجا سمجھو
زبان خلق کو نقارہ خدا سمجھو

لہٰذا اس منصب سے بے نیازی مت برتو' بلکہ اس کو خوشی

بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مجھے یہ خدمت سونپی گئی
ہے

## حضرت ایوب علیہ السلام کا واقعہ

حضرت ایوب علیہ السلام کو دیکھیے کہ ایک مرتبہ آپ غسل فرما رہے تھے، غسل کے دوران آپ کے اوپر سونے کی تتلیاں گرنی شروع ہو گئیں، چنانچہ حضرت ایوب علیہ السلام نے غسل کرنا چھوڑ دیا۔ اور تتلیاں جمع کرنی شروع کر دیں۔ اللہ تعالیٰ نے پوچھا کہ اے ایوب (علیہ السلام) کیا ہم نے تم کو غنی نہیں کیا، اور تمہیں مال و دولت نہیں دی؟ پھر بھی تم اس سونے کو جمع کرنے کی طرف دوڑ رہے ہو۔ جواب میں حضرت ایوب علیہ السلام نے فرمایا کہ: یا اللہ! بیشک آپ نے اتنا مال و دولت عطا فرمایا ہے کہ میں اس کا شکر ادا نہیں کر سکتا، لیکن جو دولت آپ اپنی طرف سے میرے طلب کے بغیر عطا فرما رہے ہیں، اس سے میں کبھی بے نیازی کا اظہار بھی نہیں کر سکتا، آپ میرے اوپر سونے کی تتلیاں برسا رہے ہیں اور میں یہ کہدوں کہ مجھے ضرورت نہیں ہے، جب آپ دے رہے ہیں تو میرا کام یہ ہے کہ میں محتاج بن کر ان کی طرف جاؤں اور ان کو حاصل کروں۔

بات دراصل یہ ہے کہ حضرت ایوب علیہ السلام کی نظر

میں وہ تھلیاں مقصود نہیں تھیں اور نہ وہ سونا مقصود تھا جو آسمان سے گر رہا تھا' بلکہ ان کی نظر اس دینے والی ذات پر تھی کہ کس ہاتھ سے یہ دولت مل رہی ہے' اور جب دینے والی ذات اتنی عظیم ہو تو انسان کو آگے بڑھ کر اور محتاج بن کر لینا چاہیے۔ ورنہ اس سونے کی طلب نہیں تھی۔

## عیدی زیادہ طلب کرنے کا واقعہ

اس کی مثال میں یہ دیا کرتا ہوں کہ میرے والد ماجد حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمتہ اللہ علیہ سب اولادوں کو عید کے موقع پر عیدی دیا کرتے تھے' ہم سب بھائی ہر سال عید کے موقع پر جا کر ان سے مطالبہ کیا کرتے تھے کہ پچھلی عید پر آپ نے بیس روپے دیے تھے۔ اس سال گرانی میں اضافہ ہو گیا ہے لہذا اس سال پچیس روپے دیجئے۔ تو ہر سال بڑھا کر مانگتے کہ بیس کی جگہ پچیس' اور پچیس کی جگہ تیس روپے اور تیس کے پینتیس روپے مانگتے' جواب میں حضرت والد صاحبؒ فرماتے کہ تم چور ڈاکو لوگ ہو' اور ہر سال تم زیادہ مانگتے ہو' ---- دیکھئے: اس وقت ہم سب بھائی برسر روزگار اور ہزاروں کمانے والے تھے' لیکن جب باپ کے پاس جاتے تو رغبت کا اظہار کر کے ان سے مانگتے' کیوں؟ بات درحقیقت یہ تھی کہ نظر ان پیسوں کی طرف

نہیں تھی جو بیس، پچیس اور تیس روپے کی شکل میں مل رہے تھے' بلکہ نظر اس دینے والے ہاتھ کی طرف تھی کہ اس ہاتھ سے جو کچھ ملیگا' اس میں جو برکت اور نور ہو گا ہزاروں اور لاکھوں میں وہ برکت اور نور حاصل نہیں ہو سکتا۔ جب دنیا کے معمولی تعلقات میں انسان کا یہ حال ہو سکتا ہے تو اللہ تعالیٰ جو احکم الحاکمین ہیں' ان کے ساتھ تعلق میں کیا حال ہو گا؟ لہٰذا جب اللہ تعالیٰ سے مانگے تو محتاج بن کر مانگے' اور جب اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا ہو تو محتاج بن کر اس کو لے لے۔ اس وقت بے نیازی اختیار نہ کرے۔

چوں طمع خواہد زمن سلطان دیں
خاک برفرق قناعت بعد ازیں

جب وہ یہ چاہ رہے ہیں کہ میں ان کے سامنے طمع ظاہر کروں تو ایسے میں قناعت کے سر پر خاک۔ اس وقت تو اس میں لذت اور مزہ ہے کہ آدمی لالچی بن کر اللہ تعالیٰ کے حضور حاضر ہو کر مانگے اور جو ملے اس کو قبول کرلے۔

لہٰذا جس کام پر اللہ تعالیٰ نے لگا دیا یا جو منصب اللہ تعالیٰ نے عطا فرما دیا یہ ان کی طرف سے عطا ہے' اسکو اپنی طرف سے مت چھوڑو۔ ہاں اگر حالات ایسے پیدا ہو جائیں جن کی وجہ سے آدمی چھوڑنے پر مجبور ہو جائے یا کوئی اپنا بڑا کہہ دے' مثلاً

چھوڑنے کے لئے کسی بڑے سے مشورہ کیا اور اس نے یہ کہہ دیا کہ اب تمہارے لئے اس کو چھوڑ دینا ہی مناسب ہے تو اس وقت اس کو چھوڑ دو۔

## خلاصہ

خلاصہ یہ ہے کہ اپنی خاص طلب کے بغیر جو چیز ملے وہ منجانب اللہ ہے' اسکی ناقدری مت کرو۔

چیز یکہ بے طلب رسد آں دادہ خدا ست
او را تو رد مکن کہ فرستادہ خدا ست

وہ چیز اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھیجی ہوئی ہے اس کو رد مت کرو۔ اللہ تعالیٰ بچائے! بعض اوقات اس رد کرنے اور بے نیازی کا اظہار کرنے سے انجام بہت خراب ہو جاتا ہے' العیاذ باللہ۔ پھر اللہ تعالیٰ کی طرف سے وبال آجاتا ہے۔ لہٰذا جو چیز طلب کے بغیر اللہ تعالیٰ کی طرف سے آجائے یا ایسے خدا ساز اسباب کے ذریعہ یعنی ایسے اسباب کے ذریعہ کوئی چیز مل گئی جس کا پہلے وہم و گمان بھی نہیں تھا' بشرطیکہ وہ حلال اور جائز ہو تو منجانب اللہ سمجھ کر اس کو قبول کر لینا چاہیے۔ اسی طرح جس خدمت پر اللہ تعالیٰ کسی کو لگا دے تو اس کو اس خدمت پر لگا رہنا چاہیے' اس خدمت سے اپنے طور پر دست بردار ہونے کی

کوشش نہ کرے' اسلئے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس خدمت پر لگا دیا ہے اور تم سے وہ خدمت لے رہے ہیں۔ اسی طرح اگر تمہیں اللہ تعالیٰ نے تمہاری طلب کے بغیر کوئی مقام اور منصب عطا فرما دیا۔ مثلاً اللہ تعالیٰ نے تمہیں سردار بنا دیا اور لوگ تمہیں اپنا قائد سمجھتے ہیں تو سمجھ لو کہ یہ اللہ تعالیٰ نے ایک خدمت تمہارے ذمے سپرد کی ہے' تمہیں اس خدمت کا حق ادا کرنا ہے' لیکن اپنے بارے میں یہ خیال کرو کہ جہاں تک میری ذات کا تعلق ہے تو میں نہ تو قائد بننے کے لائق ہوں اور نہ سردار بننے کے لائق ہوں' لیکن چونکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس خدمت پر لگا دیا ہے اسلئے اس خدمت پر لگا ہوا ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو دین کی صحیح فہم عطا فرمائے اور ان باتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

﴿وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین﴾

# فضول سوالات سے پرہیز کریں

جسٹس مولانا محمد تقی عثمانی مدظلہم العالی

ضبط و ترتیب

محمد عبداللہ میمن

میمن اسلامک پبلشرز

۱۸۸/۱۔لیاقت آباد، کراچی ۱۹

# فہرست مضامین

کثرت سوال کا نتیجہ۔ ۴۲
کس قسم کے سوالات سے پرہیز کیا جائے ۴۳
فضول سوالات میں لگانا شیطان کا کام ہے ۴۴
حکم شرعی کی علت کے بارے میں ... ۔ ۴۵
علت کے بارے میں سوال کا ... واب۔ ۴۵
اللہ تعالیٰ کی حکمتوں ... وں میں دخل مت دو۔ ۴۶
صحابہ کرامؓ ... وال نہیں ... کرتے تھے۔ ۴۷
یہ اللہ کی محبت اور عظمت کی کمی کی دلیل ہے۔ ۴۸
بچے اور نوکر کی مثال۔ ۴۹
خلاصہ۔ ۵۱

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله نحمده ونستعينه ونستغفره ونؤمن به ونتوكل عليه ونعوذ بالله من شرور انفسنا ومن سيئآت اعمالنا من يهده الله فلا مضل له ومن يضلله فلا هادى له. ونشهد ان لاإله إلا الله وحده لاشريك له. واشهد ان سيدنا ونبينا ومولانا محمداً عبده ورسوله، صلى الله تعالى عليه وعلى آله وأصحابه وبارك وسلّم تسليمًا كثيرًا_ اما بعد :—

عن ابى هريرة رضى الله عنه عن النبى صلى الله عليه وسلّم قال : دعونى ماتركتم إنما أهلك من كان قبلكم كثرة سئوالهم واختلافهم على انبيائهم، فاذا نهيتُكم عن شئى فاجتنبوه، وإذا امرتكم بامر فأتوا منه مااستطعتم۔

## کثرت سوال کا نتیجہ۔

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: جب تک کسی خاص مسئلے کے بارے میں کوئی خاص بات نہ بتاؤں' اس وقت تک تم مجھے چھوڑے رکھو اور مجھ سے سوال نہ کرو' یعنی جس کام کے بارے میں میں نے یہ نہیں کہا کہ یہ کرنا فرض ہے یا یہ کام کرنا حرام اور ناجائز ہے' اس کام کے بارے میں بلاوجہ اور بلا ضرورت سوال کرنے کی ضرورت نہیں' اسلئے کہ تم سے پہلے انبیاء علیہم السلام کی جو امتیں ہلاک ہوئیں' ان کی ہلاکت کا ایک سبب ان کا کثرت سے سوال کرنا بھی تھا' اور دوسرا سبب اپنے انبیاء کے بتائے ہوئے احکام کی خلاف ورزی تھی' لہٰذا جب میں تم کو کسی چیز سے روکوں تو تم اس سے رک جاؤ۔ اس میں قیل و قال اور چون و چرا نہ کرو' اور جس چیز میں تم کو حکم دوں تو اسکو اپنی استطاعت کے مطابق بجالاؤ۔۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ہم پر شفقت دیکھئے کہ استطاعت کی قید لگادی کہ اپنی استطاعت کے مطابق بجالاؤ' گویا استطاعت سے زیادہ کا ہمیں مکلف نہیں بنایا۔

## کس قسم کے سوالات سے پرہیز کیا جائے۔

اس حدیث میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے سوال کی کثرت کی مذمت بیان فرمائی ہے' لیکن بعض دوسری احادیث میں سوال کرنے کی فضیلت بھی آئی ہے' چنانچہ ایک حدیث میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "انما شفاء العی السؤال" یعنی پیاسے کی تشفی سوال سے ہوتی ہے۔ دونوں قسم کی احادیث اپنی اپنی جگہ درست ہیں' دونوں میں تطبیق یہ ہے کہ جس معاملے میں خود انسان کو حکم شرعی معلوم کرنے کی ضرورت پیش آئے کہ یہ معاملہ جو میں کر رہا ہوں' شرعاً جائز ہے یا نہیں' ایسے موقع پر سوال نہ صرف یہ کہ جائز ہے بلکہ ضروری ہے' لیکن اگر سوالات کرنے کا منشاء یا تو محض وقت گزاری ہے یا اس سوال کا اسکی ذات سے کوئی تعلق نہیں ہے' اسلئے کہ وہ مسئلہ اس کو پیش نہیں آیا یا وہ ایسا مسئلہ ہے جسکی دین میں کوئی اہمیت نہیں اور عملی زندگی سے اس کا کوئی تعلق نہیں اور نہ قبر میں اسکے بارے میں سوال ہو گا اور نہ آخرت میں سوال ہو گا اور اس کے معلوم نہ ہونے میں کوئی مضائقہ بھی نہیں ہے' تو ایسے مسائل کے بارے میں سوال کرنے کی اس حدیث میں ممانعت آئی ہے۔

فضول سوالات میں لگانا شیطان کا کام ہے۔

مثلاً ایک صاحب نے مجھ سے سوال کیا کہ حضرت آدم علیہ السلام کے جو دو بیٹے تھے' ھابیل اور قابیل' ان دونوں کے درمیان لڑائی ہوئی' جس کے نتیجے میں قابیل نے ھابیل کو قتل کر دیا' اس لڑائی کا سبب ایک لڑکی تھی' اس لڑکی کا نام کیا تھا؟ اب بتایئے کہ اگر اس لڑکی کا نام معلوم ہو جائے تو اس سے کیا فائدہ ہو گا؟ اور اگر معلوم نہ ہو تو اس سے نقصان کیا ہو گا؟ کیا قبر میں منکر نکیر پوچھیں گے کہ اس لڑکی کا نام بتاؤ ورنہ تمہیں جنت نہیں ملے گی' یا میدان حشر میں اللہ تعالیٰ اسکے نام کے بارے میں تم سے سوال کریں گے۔ لہٰذا اس قسم کے مسائل جن کا قبر میں' حشر میں' آخرت میں بھی واسطہ پیش نہیں آئیگا ان کے بارے میں سوال کرنا درست نہیں۔ بات دراصل یہ ہے کہ انسان کو صحیح راستے سے ھٹانے کے لئے شیطان کے پاس مختلف حربے ہیں' ان میں سے ایک حربہ یہ ہے کہ وہ شیطان انسان کو ایسے کام میں لگا دیتا ہے جس کا کوئی حاصل نہیں' جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ عملی کاموں سے انسان غافل ہو جاتا ہے اور ان فضول سوالات کے چکر میں لگ جاتا ہے۔

## حکم شرعی کی علت کے بارے میں سوال۔

اسی طرح آج کل لوگوں میں یہ مرض بہت عام ہے کہ جب کسی عمل کے بارے میں بتاؤ کہ شریعت میں یہ حکم موجود ہے کہ یہ کام کرو' یا یہ حکم ہے کہ فلاں کام مت کرو' تو لوگ یہ سوال کرتے ہیں کہ فلاں چیز کو جو حرام قرار دیا گیا ہے' یہ حرمت کا حکم کیوں دیا گیا ہے؟ اسکی کیا وجہ ہے؟ اور سوال کرنے والے کا انداز یہ بتاتا ہے کہ اگر ہمارے اس سوال کا معقول جواب ہمیں مل گیا اور ہماری عقل نے اس جواب کو صحیح تسلیم کر لیا تب تو ہم اس حکم شرعی کو مانیں گے ورنہ نہیں مانیں گے --- حالانکہ اس حدیث میں حضور اقدس ﷺ نے صاف صاف فرما دیا کہ جب میں نے تم کو کسی چیز سے روک دیا تو تمہارا کام یہ ہے کہ رک جاؤ اور اس تحقیق میں پڑنا تمہارا کام نہیں کہ اس روکنے میں کیا حکمت ہے؟ کیا مصلحت اور کیا فائدہ ہے؟

## علت کے بارے میں سوال کا بہترین جواب۔

ایک صاحب حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس اللہ سرہ کے پاس آئے اور کسی شرعی مسئلے کے بارے میں پوچھنے لگے کہ اللہ تعالٰی نے فلاں چیز کو کیوں حرام کر

دیا؟ اسکی کیا وجہ ہے؟ کیا حکمت اور مصلحت ہے؟ حضرت تھانوی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ایک بات کا آپ جواب دیدیں تو میں اس کا جواب آپ کو دیدونگا' انہوں نے کہا کہ وہ کیا بات ہے؟ حضرت نے فرمایا کہ آپ کی ناک سامنے کیوں لگی ہے' پیچھے کیوں نہیں لگی؟ مطلب یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ اپنی حکمت اور مصلحت سے اس کارخانہ عالم کا نظام چلا رہے ہیں' تم یہ چاہتے ہو کہ تمہارا یہ چھوٹا سا دماغ جو تمہارے سر میں ہے' اسکی ساری حکمتوں اور مصلحتوں کا احاطہ کر لے' حالانکہ آج کے دور میں سائنس اتنی ترقی کے باوجود اس چھوٹے سے دماغ کی بھی پوری تحقیق نہیں کر سکی اور یہ کہتی ہے کہ اس دماغ کا اکثر حصہ ایسا ہے جس کے بارے میں اب تک یہ پتہ نہیں چل سکا کہ اس کا عمل کیا ہے؟ ایسے دماغ کے ذریعہ تم یہ چاہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کی ساری حکمتوں کا احاطہ کر لو کہ فلاں چیز کو کیوں حرام کیا؟ اور فلاں چیز کو کیوں حلال کیا؟ بات یہ کہ اپنی حقیقت سے ناواقفیت اور دل میں اللہ تعالیٰ کی عظمت کی کمی کے نتیجے میں اس قسم کے سوال ذہن میں آتے ہیں۔

## اللہ تعالیٰ کی حکمتوں اور مصلحتوں میں دخل مت دو۔

اب مثلاً کوئی شخص یہ سوال کرے کہ اللہ تعالیٰ نے فجر

کی نماز میں دو رکعت فرض فرمائی ہیں' ظہر کی نماز میں چار' عصر کی نماز میں چار' مغرب کی نماز میں تین رکعت فرض فرمائی ہیں' اس فرق کرنے میں کیا حکمت ہے؟ اور کیا وجہ ہے؟ اب اگر کوئی شخص اپنے سے سوچ کر یہ کہے کہ فجر کی نماز کا وقت چونکہ فرصت کا ہوتا ہے تو اس وقت چار رکعت فرض ہونی چاہئیں اور چونکہ عصر کا وقت مشغولیت کا ہوتا ہے تو اس وقت دو رکعت فرض ہونی چاہئیں۔ ارے تم اپنی چھوٹی سی عقل کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی حکمتوں اور مصلحتوں کے اندر دخل دینا چاہتے ہو؟ اور یہ فیصلہ کرتے ہو کہ فلاں وقت اتنی رکعت فرض ہونی چاہئیں۔ لہذا شریعت کے کسی بھی حکم کے بارے میں یہ سوال کرنا کہ یہ حکم کیوں دیا گیا' یہ غلط سوال ہے۔ ایسے سوال سے آپ نے منع فرمایا۔

## صحابہ کرامؓ "کیوں" سے سوال نہیں کیا کرتے تھے۔

حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کے حالات پڑھ کر دیکھئے تو آپ کو پورے ذخیرہ حدیث میں یہ کہیں نظر نہیں آئیگا کہ کسی صحابی نے کسی حکم شرعی کے بارے میں یہ سوال کیا ہو کہ یہ حکم کیوں دیا گیا؟ ایک مثال نہیں ملے گی۔ البتہ یہ سوال ملے گا کہ فلاں چیز کے بارے میں حکم شرعی کیا ہے؟ لفظ "کیوں"

سے سوال نہیں کرتے تھے۔ سوال نہ کرنے کی وجہ کیا تھی؟ کیا ان کے اندر عقل اور سمجھ نہیں تھی؟ کیا وہ ان شرعی حکموں کی حکمتیں اور مصلحتیں نہیں پہچان سکتے تھے؟ ایسا نہیں تھا' کیونکہ ان کی عقل اتنی تھی کہ آج کے دور کا بڑے سے بڑا عقل مند ان کی عقل کی گرد کو نہیں پہنچ سکتا' پھر سوال نہ کرنے کی کیا وجہ تھی؟ وجہ یہ تھی کہ اس عقل ہی کا تقاضہ یہ تھا کہ جب اللہ کو اپنا خالق اور مالک مان لیا اور نبی کریم سرور دو عالم ﷺ کو ان کا رسول مان لیا تو اب جو بات اور جو حکم بھی ان کی طرف سے آئے گا وہ حق ہو گا' اس میں ہمارے لئے چوں و چرا کی مجال اور گنجائش نہیں --- اس لئے لفظ "کیوں" سے صحابہ کرامؓ سوال نہیں کرتے تھے۔

## یہ اللہ کی محبت اور عظمت کی کمی کی دلیل ہے۔

میرے والد ماجد حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمتہ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ شریعت کے احکام کے سلسلے میں جن لوگوں کے دلوں میں بہت زیادہ شکوک و شبہات ہوتے ہیں اسکی اصل وجہ درحقیقت اللہ تعالیٰ کی عظمت اور محبت کی کمی ہے۔ اس لئے کہ جس ذات کی عظمت اور محبت دل میں ہو گی اسکی طرف سے دیئے گئے حکم میں شکوک و شبہات پیدا نہیں ہونگے دنیا کے اندر

دیکھ لیں کہ جس سے محبت اور عقیدت ہوتی ہے' وہ اگر کسی بات کا حکم دے تو چاہے وہ حکم ہماری سمجھ میں نہ آرہا ہو' لیکن ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ شخص اتنا بڑا آدمی ہے کہ اس کے حکم کے پیچھے کوئی نہ کوئی مصلحت ضرور ہوگی۔ تو وہ ذات جس کی قدرت' جس کا علم اور جس کی رحمت ساری کائنات کو محیط ہے' وہ ذات اگر یہ حکم دے کہ یہ عمل کرو اور یہ عمل مت کرو تو اسکی عظمت اور محبت کا تقاضہ یہ ہے کہ آدمی یہ نہ سوچے کہ مجھے یہ حکم کیوں دیا جا رہا ہے؟ اور اس حکم میں کیا فائدہ اور کیا مصلحت ہے؟ دین نام ہی اس کا ہے کہ اپنے آپ کو ان کے حوالے کردو اور چوں و چرا کو درمیان سے نکال دو۔ آج کی گمراہیوں کا سب سے بڑا سرچشمہ اور بنیادی سبب یہ ہے کہ اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بتائے ہوئے احکام کو اپنی عقل سے پرکھنے کی کوشش کی جارہی ہے' اور اگر کسی حکم کی حکمت عقل میں نہیں آرہی تو اس کو شریعت کا حکم ماننے سے انکار کیا جا رہا ہے۔

## بچے اور نوکر کی مثال۔

چھوٹا بچہ جو ابھی بالکل نادان ہے' باپ اس کو کسی کام کا حکم دیتا ہے یا ماں اسکو حکم دیتی ہے' اگر وہ بچہ یہ کہے کہ مجھے یہ حکم کیوں دیا جا رہا ہے؟ جب تک آپ مجھے اس کام کی حکمت

نہیں سمجھائیں گے اس وقت تک میں یہ کام نہیں کرونگا تو ایسا بچہ کبھی صحیح تربیت نہیں پا سکے گا--- بچے کو چھوڑیے' ایک آدمی جو عاقل بالغ ہے اور اسکو آپ نے اپنا نوکر رکھا ہوا ہے' آپ نے اس سے کہا کہ بازار جا کر فلاں سودا لے آؤ' وہ نوکر پلٹ کر یہ پوچھتا ہے کہ پہلے آپ مجھے اس کی حکمت اور وجہ بتایئے کہ آپ یہ چیز بازار سے کیوں منگوا رہے ہیں؟ پہلے آپ حکمت بتایئے پھر میں بازار سے یہ چیز لاؤنگا۔ ایسا نوکر کان سے پکڑ کر گھر سے باہر نکال دینے کے لائق ہے۔ اسلئے کہ نوکر کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ یہ پوچھے کہ آپ یہ چیز کیوں منگوا رہے ہیں؟ وہ نوکر ہے اور نوکر کا کام یہ ہے کہ جو حکم بھی اس کو دیا جا رہا ہے وہ اسکو بجا لائے' وہ یہ نہ پوچھے کہ یہ حکم کیوں دیا جا رہا ہے؟ جب نوکروں کے ساتھ تمہارا یہ معاملہ ہے' حالانکہ نوکر بھی انسان ہے اور تم بھی انسان ہو' تو اللہ تو خالق اور معبود ہیں اور تم اسکے بندے ہو' نوکر اور آقا میں تو پھر بھی مناسبت ہے' اس لئے کہ دونوں کی عقل محدود ہے' لیکن بندے اور اللہ میں تو کوئی مناسبت ہی نہیں' اسلئے کہ تمہاری عقل محدود اور اللہ جل شانہ کی حکمتیں لامحدود' اسلئے اللہ کے حکم کی حکمت کے بارے میں سوال کرنا کسی طرح بھی مناسب نہیں۔

## خلاصہ۔

بہرحال: اس حدیث میں نبی کریم ﷺ نے تین قسم کے سوالات سے منع فرمایا ہے' ایک بے فائدہ سوال کرنا جس کا عملی زندگی سے تعلق نہ ہو' دوسرے ایسے معاملے یا ایسی صورت حال کے بارے میں سوال کرنا جو ابھی ذات کو ابھی پیش نہ آیا ہو' تیسرے اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی حکم کی حکمت معلوم کرنے کے لئے سوال کرنا۔ اور مقصد سوال کرنے کا یہ ہو کہ اگر اس حکم کی حکمت معلوم ہو گی تو عمل کرونگا ورنہ نہیں کرونگا۔ اور فرمایا کہ پچھلی امتیں ان تین چیزوں کے بارے میں سوالات کرنے کی وجہ سے ہلاک ہوئیں' تم ان چیزوں کے بارے میں سوال کرنے سے پرہیز کرو' اور جب میں تم کو کسی چیز سے روک دوں تو تم رک جاؤ' اسکی حکمت تلاش کرنے کے پیچھے مت پڑو۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

﴿وآخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمين﴾

# میمن اسلامک پبلشرز

۱/۱۸۸ ۔ لیاقت آباد ــــ کراچی ۱۹

محترمی! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، یکم نومبر ۱۹۹۶ء سے ہماری مطبوعات کے نرخ وتاجرانہ مراعات مندرجہ ذیل ہونگی

**تاجرانہ کمیشن:** نقد خریداری تاجرانہ کمیشن ٪۳۳ فیصد ہوگا۔ پانچ ہزار روپے یا اس سے زائد کے تاجرانہ آرڈر پر مزید ٪۱۰ خصوصی کمیشن دیا جائے گا دس ہزار روپے یا اس سے زائد کے تاجرانہ آرڈر پر ٪۱۰ کے بجائے مزید ٪۱۵ فیصد کمیشن دیا جائے گا۔

## مواعظ مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی مدظلہم

| | |
|---|---|
| مستحبات | ۱۲/- |
| بڑا بننے کا شوق | ۱۲/- |

## خطبات مولانا محمد تقی عثمانی صاحب

| | |
|---|---|
| اصلاحی خطبات کامل جلد | ۴۲۰/- |
| فقہی مقالات کامل دو جلد | ۲۴۰/- |
| عقل کا دائرہ کار | ۱۶/- |
| ماہ رجب | ۴/- |
| نیک کام میں دیر نہ کیجئے | ۱۴/- |
| سفارش ۔ شریعت کی نظر میں | ۱۲/- |
| روزہ ہم سے کیا مطالبہ کرتا ہے | ۱۲/- |
| آزادیٔ نسواں کا فریب | ۱۶/- |
| دین کی حقیقت | ۱۶/- |
| بدعت ایک سنگین گناہ | ۱۶/- |
| بیوی کے حقوق | ۲۰/- |
| شوہر کے حقوق | ۲۰/- |
| غریبوں کی تحقیر نہ کیجئے | ۱۶/- |
| قربانی ۔ حج ۔ عشرہ ذی الحجہ | ۱۶/- |
| سیرت النبی ﷺ | ۱۶/- |
| نفس کی کشمکش | ۱۶/- |
| اسلام اور جدید اقتصادی مسائل | ۱۶/- |
| دنیا سے دل نہ لگاؤ | ۱۴/- |
| معاشرے کی اصلاح کیسے ہو | ۱۴/- |
| دل کی بیماریاں | ۱۴/- |
| جھوٹ اور اس کی مروجہ صورتیں | ۱۲/- |
| بڑوں کی اطاعت | ۱۶/- |
| منافق کی دو نشانیاں | ۱۴/- |
| حسد ۔ ایک سلگتی آگ | ۱۶/- |
| لباس کے شرعی اصول | ۱۸/- |
| خواب کی حیثیت | ۱۲/- |
| سستی کا علاج | ۱۲/- |
| کھانے کے آداب | ۲۴/- |

| | |
|---|---|
| پینے کے آداب | ۱۴/- |
| دعوت کے آداب | ۱۲/- |
| اولاد کی اصلاح وتربیت | ۱۶/- |
| والدین کی خدمت | ۱۶/- |
| دولت قرآن کی عظمت | ۲۶/- |
| وقت کی قدر کریں | ۱۸/- |
| غیبت ۔ زبان کا عظیم گناہ | ۱۴/- |
| سونے کے آداب | ۱۵/- |
| زبان کی حفاظت کیجئے | ۱۵/- |
| انسانی حقوق اور اسلام | ۱۲/- |
| شب برات کی حقیقت | ۲۲/- |
| آنکھوں کی حفاظت کیجئے | ۱۲/- |
| تواضع | ۱۶/- |
| بھائی بھائی بن جاؤ | ۱۳/- |
| بیمار کی عیادت کے آداب | ۱۲/- |
| توبہ ۔ گناہوں کا تریاق | ۲۰/- |
| درود شریف ۔ ایک اہم عبادت | ۱۴/- |
| ملاوٹ اور ناپ تول میں کمی | ۱۲/- |
| نعت رسول ﷺ | ۱۶/- |
| روزہ (انگریزی) | ۱۴/- |
| بینکوں سے زکوٰۃ کی وصولی | ۲۴/- |
| پی ایل ایس اکاؤنٹ | ۱۲/- |
| تقدیر پر راضی رہیں | ۱۵/- |
| تکالیف اور پریشانیاں بھی نعمت | ۱۲/- |
| اپنی فکر کریں | ۱۲/- |
| گناہوں کی لذت ایک دھوکہ | ۱۵/- |
| فتنہ کے دور میں کیا کریں؟ | ۱۸/- |
| دینی مدارس ۔ حفاظت کے قلعے | ۱۲/- |
| سنت کی تحقیر سے بچیں | ۱۲/- |
| معاملات جدیدہ اور علماء کی ذمہ داری | ۱۲/- |
| اسلام میں خلع کی حقیقت | ۲۰/- |
| ووٹ کی اسلامی حیثیت | ۱۲/- |

| | |
|---|---|
| اعتکاف (انگریزی) | ۲۰/- |
| مغرب میں دو ہفتے | ۱۶/- |
| سلام اور مصافحہ کے آداب | ۱۵/- |
| امت مسلمہ کہاں کھڑی ہے | ۱۴/- |
| حضور کی زریں نصیحتیں | ۱۶/- |
| کاغذی نوٹ اور کرنسی کا حکم | ۲۲/- |
| قسطوں پر خرید وفروخت | ۲۲/- |
| شیئرز کی خرید وفروخت | ۱۴/- |
| حقوق مجردہ کی خرید وفروخت | ۲۲/- |
| جدید فقہی مسائل | ۱۸/- |
| ہاؤس فائنانس | ۱۲/- |
| جہاد ۔ اقدامی یا دفاعی | ۱۲/- |
| مرنے سے پہلے موت کی تیاری | ۱۲/- |
| گناہ گار سے نفرت ، حلال روزگار | ۱۵/- |
| برائیوں سے کس طرح دور کیا جائے | زیر طبع |
| دعوت وتبلیغ کا طریقہ | ״ |
| اپنی ذات سے دوسروں کو تکلیف نہ پہنچائیں | ״ |
| رشتہ داروں کے حقوق | ״ |
| ماتحتوں کے حقوق | ״ |
| جہاد ۔ اقدامی یا دفاعی | ۱۲/- |
| داڑھی ۔ مولانا عاشق الٰہی صاحب | ۱۳/- |
| شرح القراءۃ الراشدہ ۔ مولانا عبدالصمد صاحب | ۴۵/- |

## بیانات حضرت مفتی عبدالرؤف صاحب

| | |
|---|---|
| اصلاحی بیانات (جلد اول) | ۱۲۰/- |
| مروجہ قرآن خوانی ۱۲/- حضور کی سیرت وصورت | ۱۲/- |
| ٹی وی، وی سی آر اور عذاب قبر ۱۲/- تراویح کے اہم مسائل | ۱۲/- |
| چھ گناہ گار عورتیں | ۱۲/- |
| نماز کی بعض اہم کوتاہیاں | ۱۲/- |
| تقسیم وراثت کی اہمیت | ۱۲/- |
| حج فرض میں جلدی کیجئے | ۱۶/- |
| طلاق کے نقصانات | ۱۲/- |
| بدشگونیاں ۔ بدفالیاں ۔ توہمات | ۱۵/- |